بتایئے، فرمایا: اللہ پاک کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا اور والدین کی نافرمانی کرنا ہے۔[1]

## والدین کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اللہ و رسول نے ہمیں والدین کے ساتھ نیکی اور بھلائی کا حکم دیا ہے۔ یہ جنّت میں لے جانے والا عمل ہے۔ والدین کے بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 9 ہم پہلے سیکھ چکے، 3 آج سیکھیں گے۔ آیئے! پہلے سیکھے ہوئے حقوق دوہرا لیتے ہیں: (1): اطاعت و فرمانبرداری (2): والدین کو راضی رکھنا (3): والدین کی خدمت کرنا (4): ادب و احترام کرنا (5): والدین کے لئے دعا کرنا (6): والدین کے متعلقین سے صلۂ رحمی کرنا (7): والدین کو بُرا بھلا نہ کہنا (8): والدین کی وفات کے بعد ان کی تجہیز و تکفین (کفن و دفن) وغیرہ کا انتظام کرنا (9): والدین کا قرض ادا کرنا۔

مزید 3 حقوق جو آج سیکھنے ہیں:

### پہلا حق: والدین کی وَصِیَّت پوری کرنا

**وضاحت:** مرنے والا اپنی موت سے پہلے جو پیغام دیتا ہے کہ میرے مرنے کے بعد اِس طرح کرنا **وَصِیَّت** کہلاتا ہے۔[2] مثلاً والد نے مرنے سے پہلے کہا ❁ میرا اِتنا مال صدقہ کر دینا ❁ میرے مال سے مسجد، مدرسہ بنا دینا وغیرہ۔ والدین کے حقوق میں سے ہے کہ اُن کی جائز وَصِیَّتیں پوری کی جائیں اور اُن کے ہر جائز حکم کو پورا کرنے کی کوشش کرے، اُنہوں نے کسی سے وعدہ کیا ہو، اُس کو پورا کرے۔

**ضروری مسئلہ:** وَصِیَّت کے مُتَعَلِّق یہ یاد رہے! کہ ❁ مال کے متعلق وَصِیَّت مثلاً: ❁ میرا مال غریب لوگوں میں تقسیم کر دینا ❁ میرا مال مسجد، مدرسہ یا کسی فلاحی تنظیم کو دے دینا وغیرہ اِس طرح کی وَصِیَّت کو میت کے ایک تہائی مال (یعنی مکمل مال کے تیسرے حصے) سے ہی پورا کیا جائے گا۔ اگر والدین

---

1 .... الادب المفرد، باب عقوق الوالدین، صفحہ: 17، حدیث: 15۔
2 .... تفسیر نعیمی، پارہ: 1، سورۂ بقرۃ، تحت آیت: 132، جلد: 1، صفحہ: 749۔

نے ایک تہائی (یعنی مکمل مال کے تیسرے حصے) سے زیادہ مال کی وَصِیَّت کی ایسی صورت میں اُن کے فوت ہونے کے بعد تمام وارثین ایک تہائی مال سے زیادہ کی وَصِیَّت نافذ کرنے کی اجازت دے دیں، جبکہ وہ سب اجازت دینے کے اہل بھی ہوں (یعنی سب عاقل بالغ ہوں) تو اِس صورت میں تہائی مال سے زیادہ کی وَصِیَّت پوری کرنا بھی جائز ہے۔[1]

**نوٹ:** وَصِیَّت کے مسائل کے مُتَعَلِّق تفصیلی معلومات کے لئے دارُالاِفتاء اہلسنت سے رابطہ کیجئے۔

## دوسرا حق: والدین کی قبر کی زیارت کرنا

**وضاحت:** یعنی والدین کی قبر پر وقتاً فوقتاً حاضری دیتے رہنا، راستے میں والدین کی قبر آئے تو حاضری دیئے بغیر نہ گزرنا اور ہفتہ میں کم از کم ایک بار والدین کی قبر پر حاضری ضرور دینا، وہاں جا کر سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کرکے، فاتحہ و درود و سلام پڑھ کر انہیں ایصالِ ثواب کرنا، اُن کی بخشش اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کرنا ۞ پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو ہر جمعہ کو اپنے ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کی قبر کی زیارت کرے، اللہ پاک اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کو والدین کا فرمانبردار لکھ دیتا ہے۔[2] ۞ ایک حدیث پاک میں ہے: جو ثواب کی نیّت سے اپنے والدین کی قبر کی زیارت کرے وہ مقبول حج کرنے والے کی طرح ہے اور ۞ جو بکثرت والدین کی قبر کی زیارت کرے، فرشتے اس کی قبر کی زیارت کرنے کے لیے آئیں گے۔[3]

## تیسرا حق: مرحوم والدین کو اپنے گناہوں سے تکلیف نہ دینا

**وضاحت:** یہ والدین کا اہم ترین حق ہے کہ ہر طرح کے چھوٹے، بڑے گناہ سے بچے، زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرے، کیونکہ والدین کو قبر میں اولاد کے تمام اعمال کی خبر پہنچتی ہے، نیکیاں دیکھ کر خوش

---

1 .... فتاوی اہلسنت، ریفرینس نمبر: Aqs-2017۔

2 .... نوادر الاصول، الاصل الخامس عشر فی تحقیق التھدید علی زوارات القبور، جلد: 1، صفحہ: 72۔

3 .... نوادر الاصول، الاصل الخامس عشر فی تحقیق التھدید علی زوارات القبور، جلد: 1، صفحہ: 72۔

